12/02/2025

09.25 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔

اب آپ شیخ تجمل احمد سے خبریں سُنیے۔

وزیر اعلیٰ

بجٹ سے قبل مشاورت کو جاری رکھتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل سول سکریٹریٹ جموں میں سیاحت ، تجارت ، تعلیم ، کھیل کود اور دیگر شعبہ جات کے متعلقین کے ساتھ بات چیت کی۔مشاورت کے دوران سبھی متعلقین نے جموں کشمیر سے متعلق بجٹ 2025-26 کے بارے میں اپنی آراءاور تجاویز پیش کیں۔اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ مشاورت بجٹ سے متعلق سرکار کی مشق کا ایک اہم حصہ بن گئی ہے اور اس کا مقصد مختلف شعبہ جات کے حوالے سے بہترپالیسیاں ترتیب دے کر وسائل کے موثر تعین کو یقینی بنانا ہے ۔

دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل سونہ مرگ کا دورہ کرکے وہاں پر آتشزدگی کی حالیہ واردات میں ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ان کی باز آباد کاری کیلئے اقدامات کر رہی ہے ۔

ایل جی تعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل اکھنور سیکٹر میں بارودی سرنگ دھماکے میں جان بحق ہوئے فوجی اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہاکہ جان بحق اہلکاروں کی شجاعت اور قربانی کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ کنبوں کے شانہ بہ شانہ کھڑی ہے ۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کل نئی دلی میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جموں وکشمیر میں سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں نیشنل براڈ بینڈ مشن کی موثر عمل آوری کیلئے کل سٹیٹ براڈ بینڈ کمیٹی کی ساتھویں میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری نے مشن کی عمل آوری کو تیز تر کرنے کیلئے افسران کو آپسی تال میل کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت دی ۔انہوں نے کہا کہ مختلف محکموں اور ایجنسیوں کو مشن کی عمل آوری کے ہدف کو بروقت حاصل کرنے کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے قریبی اشتراک سے کام کرنا چاہئے ۔

پریکشا پہ چرچا

وزیر اعظم نریندر مودی نے 10فروری کو پریکشا پر چرچا پروگرام کے تحت ملک بھر کے بچوں کے ساتھ بابت چیت کرکے انہیں امتحانی تناؤ سے بچنے کے سلسلے میں اپنے زریں خیالات اور مشوروں سے نوازا۔ذہنی صحت سے متعلق اس پروگرام کا ایک حصہ آج صبح10بجے آکاشوانی اور دیگر نیٹ ورکس پر نشر کیا جائے گا۔ جس میں وزیر اعظم نریندر مودی ذہنی صحت سے تعلق اپنے ذریں خیالات پیش کرینگے۔

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری جو کہ سرینگر میٹرو پالیٹن ریجنل ڈیولپمنٹ اتھارٹی SMRDA کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بھی ہیں کے تحت جاری کاموں کی طبعی اور مالی حصولیابیوں کا جائزہ لیا۔ SMRDA نے کل متعلقہ افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران ڈویژنل کمشنر نے سرینگر ، کولگام، بانڈی پورہ اور بڈگام اضلا ع میں مختلف مقامات پر جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے عمل

آوری ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ عوامی اہمیت کے حامل سبھی پروجیکٹوں پر کام کی رفتار میں سرعت لائیں تاکہ انہیں مقررہ وقت پرمکمل کیا جاسکے۔

سوربھ بھگت

انفارمشین ٹیکنالوجی کے کمشنر سیکریٹری سوربھ بھگت نے کل جموں کشمیر میں انٹر نیٹ کے محفوظ استعمال سے متعلق دن کی مناسبت سے ایک ورکشاپ کا افتتاح کیا۔اس ورکشاپ کا اہتمام ہائی برڈ موڈ میں کیا گیا جس دوران کمشنر سیکریٹری نے سائبرسیکورٹی کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری دفاتر میں ڈیجیٹل خطرات لگاتار بڑھ رہے ہیں۔Hygiene او ر سائبر

دریں اثنا سرینگر ضلع انتظامیہ کی جانب سے بھی اس سلسلے میں ایک ورکشاپ کا انعقاد کیاگیا جس دوران شرکاءکو سائبر سیکورٹی سے متعلق جانکاری فراہم کی گئی۔

رپورٹ

سے متعلق دوائی پلائی جائے ۔ اس Deworming سے بچانے کیلئے ضروری ہے کہ انہیںRound Worms بچوں کو چکر کیڑوں یا دوائی سے بچے مختلف طبی مسائل سے نجارت پاتے ہیں ۔ گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں شعبہ اطفال کے سربراہ ڈاکٹر پرویز احمد نے اس حوالے سے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....(Dr Pravaiz)....Byte........

حج

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کپواڑہ کی اطلاع کے مطابق کپواڑہ ضلع سے تعلق رکھنے والے عازمین حج کیلئے تربیتی پروگرام ترتیب دیا گیا ہے۔ جس کے تحت کپواڑہ ، ترہگام ،کرالہ پورہ ، کیرن ، کرناہ ، مژھل ، سوگام ، لالپورہ اور درگمولہ کے عازمین کو مرکزی جامع مسجد کپواڑہ میں آج صبح دس بجے تربیت دی جائے گی۔ہندواڑہ ،زچلڈارہ ، رامحال ، لنگیٹ، کرالہ گنڈ ، ویلگام اور قلم آباد تحاصیل سے تعلق رکھنے والے عازمین کو کل یعنی 13فروری کو جامع مسجد جدیدہندواڑہ میں صبح 10بجے سے یہ تربیت دی جائے گی ۔

روی داس

آج گرورِوی داس جینتی ہے ۔اس سلسلے میں آج ملک بھر میں تقاریب کا اہتمام کیا جا رہا ہے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے گرو داس جینتی پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ گرو روی داس کی تعلیمات لوگوں کوسچائی اور روحانیت کی تحریک دینے کے علاوہ انہیں انسانیت کی خدمت کرنے کی بھی تحریک دیتی ہے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2 اعشاریہ 4ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ